ادارہ



تعارف وتبصرہ کتب

القاسم اکیڈمی کی مطبوعات

استادمکرم شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی ، جامعہ ابوہریرہ اورالقاسم اکیڈمی یہ تینوں کسی تعارف کے محتاج نہیں اور یہ تینوں لازم وملزوم ہے،القاسم اکیڈمی عرصہ دراز سے ملکی سطح پر علمی ،تحقیقی اور تصنیفی خدمات انجام دے رہے ہیں، ہر ماہ کسی نہ کسی کتاب کوزیور طباعت سے آراستہ کرکے قارئین کومحظوظ فرما رہے ہیں، القاسم اکیڈمی کی مطبوعات کی تعداد دوسو کےقریب ہوں گی۔استادمکرم کی مساعی جمیلہ سے القاسم اکیڈمی روبہ ترقی ہے، اس ادارے کی ہرکاوش پہلے سے کافی بہتر ثابت ہوئی ،ذیل میں اس عظیم ادارے کے چند کتب کامختصر تعارف وتبصرہ پیش خدمت ہے۔

- **تذکرہ وسوانح حضرت مولانا خان محمد** تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی ضخامت: 256 صفحات

مولانا عبدالقیوم حقانی نے پیرطریقت ،رہبرشریعت مولانا خان محمد صاحبؒ کی پیدائش سے لیکر سفرِآخرت تک کے حالات نہایت عام فہم اور سلیس زبان میں پیش کی ہے۔یقیناً اس موضوع پر یہ ایک بہترین کاوش اور قیمتی سوغات ہے۔

- **مولانا حسین احمد مدنیؒ سوانح وافکار** تالیف: مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی ضخامت: 360

مولانا شجاع آبادی نے مولانا حسین احمد مدنیؒ کے حالاتِ زندگی تا سفرآخرت کواس مختصر کتاب میں سمیٹنے کی کوشش فرمائی ہے،تحریر میں جاذبیت کوٹ کوٹ بھری ہے۔

- **حسن انتخاب** تالیف: مولانا عمادالدین محمود ضخامت: 183 صفحات

زیرتبصرہ کتاب دلچسپ واقعات، اقوال زرین ،حکمت ودانائی کی باتوں کا ایک مفید علمی ادبی اور تاریخی تحفہ ہے، جس میں صحابہ کرام ،اولیاء عظام ،علماء حق کے وہ واقعات شامل کئے گئے ہیں جس سے قارئین استفادہ کرکے اپنے مستقبل سنوار سکتے ہیں،اوران میں بزرگوں کی نقش قدم پر چلنے کا عزم پیدا کردیتی ہے، اور کمزوریوں کا احساس اورعمل صالح کا شوق اجاگر کرتا ہے،مولانا عمادالدین محمود کی یہ کاوش بہت نافع ہے۔

- **اعتراف ذنوب** تالیف: مولانا شاہ وصی اللہ صاحب ضخامت: 384 صفحات